شرکاء کا تعارف

حافظ احمد یار ————

سابق شعبه صدر علوم اسلامیه پنجاب یونیورسٹی ، لاهور
مصنف ، علم و عرفان (تفسیر سوره آل عمران)
و دستور حیاء (تفسیر سوره نساء) .

غلام ربانی عزیز ————

سابق استاذ گورنمنٹ کالج اٹک ،
مصنف سیرت طیبه ،، ایوارڈ یافته ،،

فضل احمد شمسی ————

ایم اے فلسفه .
ریسرچ فیلو اداره تحقیقات اسلامی
اسلام آباد

جسٹس پیر کرم شاه الازهری ————

جج شریعت اپیل بنچ ، عدالت عظمی پاکستان
نامور مفسر ، مفکر اور فقیهه ، مصنف ضیاء القرآن
وسنة خیر الانام ـ
سرپرست جامعه محمدیه غوثیه بهیره (سرگودها)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نظرات

آج دنیائے علم میں جو ذہنی و فکری بیداری پیدا ہوئی ہے وہ ایک مسلسل عمل کا نتیجہ ہے ، ایک فرد سے دوسرے فرد تک ، ایک طبقے سے دوسرے طبقے تک ، اور ایک نسل سے دوسری نسل تک علم منتقل ہوتا رہا ، نت نئے تجربات اور فکر کی جولا نگاہ میں إفادہ اور استفادہ کا عمل آج بھی جاری ہے ، علم کی اس منتقلی میں قرطاس و قلم نے جو خدمات سر انجام دیں وہ بنیادی اہمیت رکھتی ہیں ، انقلاب ذہنی کے لئے قلم کو بارگاہ ایزدی سے جو قوت حاصل ہوئی "ألذی علم بالقلم" کی آیت قرآنی میں اسی کی طرف واضح اشارہ موجود ہے ـ

ماہنامہ فکرونظر نے گذشتہ اکیس بائیس برس سے قرطاس و قلم کے ذریعے ارباب فکر و دانش کے تحقیقی و فکری مقالات اپنے قارئین تک پہنچانے کی حتی المقدور کوشش کی ، اور ہر قسم کی مصنوعی حدود قیود سے آزاد ہو کر اسلامی نقطہ نظر پیش کرنے کے لئے فاضل مقالہ نگار حضرات کی محققانہ تحریروں سے فکرونظر کے صفحات کو رونق بخشی ـ ۱۹۸۳ ء کا آغاز ہم اس عزم صمیم کے ساتھ کرتے ہیں کہ اس مجلہ کی ظاہری و معنوی خوبصورتی کو دوبالا کرنے کیلئے کوشش کریں گے ـ کسی بھی علمی رسالہ کی روح اس میں طبع ہونے والے فکر انگیز مقالات ہوتے ہیں ، اسکے لئے ہم اہل علم سے تعاون کے خواستگار ہیں ، فکرونظر کے صفحات ان کے مقالات کے لئے حاضر ہیں ، رسالہ کا ظاہری حسن بھی جمالیاتی حس کی تسکین کے لئے بےحد ضروری ہوتا ہے چنانچہ ہم ایک بار پھر خط نسخ کا آغاز کر رہے ہیں ، امید ہے کہ ادارہ کے جدید الیکٹرونک پریس سے طباعت کے بعد رسالہ کی دیدہ زیبی میں اضافہ ہو گا ـ

" مدیر "